# اخلاقیات (برائے غیر مسلم) (نیو)

46-

**Paper Code No. 7041**

1st A. Exam. 2024
SSC (Part – II)
Session (2022-24)

پرچہ : II (معروضی)
وقت : 15 منٹ
نمبرات : 10

BWP- 24

نوٹ : ہر سوال کے چار جوابات A، B، C، D دیئے گئے ہیں۔ جس جواب کو آپ درست سمجھیں معروضی جوابی کاپی/ ببل شیٹ پر اس سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

سوال نمبر 1

(1) جرائم بڑھ جاتے ہیں جب ----- :
(A) وسائل کم ہو جائیں (B) ضروریات بڑھ جائیں (C) اخلاقی تعلیمات کم ہو جائیں (D) وسائل زیادہ ہو جائیں

(2) تمام مذاہب ----- کا درس دے کر مایوسی کے اندھیروں سے نکالتے ہیں :
(A) خودی (B) خداشناسی (C) یقین کامل (D) امید

(3) " مہاویر " کا مطلب ہے :
(A) بڑی شخصیت (B) مذہبی رہنما (C) مذہبی پیشوا (D) فاتح

(4) ہر ----- انسان میں عاجزی پیدا کرتا ہے :
(A) نظام زندگی (B) نظام شریعت (C) نظام عبادت (D) نظام تعلیم

(5) اخلاقی اقدار دنیا میں انسان کے سکھ چین اور آخرت میں ----- کی ضامن ہیں :
(A) نجات (B) آرام (C) جنت (D) دوزخ

(6) عبادت کے لیے ----- ضروری ہے :
(A) طہارت (B) صحت (C) عقیدہ (D) وقت کی پابندی

(7) شائستگی ----- کا نام ہے :
(A) آداب (B) مذہب (C) سودے بازی (D) یہ تمام

(8) ارسطو کو ----- نے اتالیق مقرر کیا :
(A) سکندر (B) شاہ یونان (C) فلیپوس (D) افلاطون

(9) کانٹ ----- پر سزا کے قائل ہیں :
(A) بددیانتی (B) ارادی افعال (C) بے اصولی (D) ہر جرم

(10) سری اربندو ----- پارٹی کے بانیوں میں سے تھے :
(A) کانگرس (B) جنگاتر (C) بنگلہ پارٹی (D) عوامی لیگ

B

----------☆☆☆☆☆----------

www.taleem360.com

| Session (2022-24) | 1st A. Exam. 2024 | اخلاقیات (انشائیہ) |
|---|---|---|
| کل نمبرات : 40 | SSC (Part – II) | وقت : 1:45 گھنٹے |

**﴾ہدایات﴿** حصہ اول یعنی سوال نمبر 2، سوال نمبر 3 اور سوال نمبر 4 میں سے کوئی سے (4 -- 4) اجزاء کے مختصر جوابات تحریر کرنا لازمی ہے۔ جبکہ حصہ دوم میں سے کوئی سے دو سوالات حل کریں۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کریں جو کہ سوالیہ پرچہ پر درج ہے۔

24 = 2x12 **حصہ اوّل** BWP-24

سوال نمبر 2 (i) گوتم بدھ کا اس دنیا کے بارے میں کیا نظریہ تھا؟
(ii) عرب بدوؤں کو کس خوبی نے بحران سے نکلنے میں مدد کی؟
(iii) گناہ اور جرم کے محرکات کو کم کرنے میں مذہب کیا کردار ادا کرتا ہے؟
(iv) جین مت کے مطابق "خود ضبطی" کیا ہے؟
(v) جین مت کی تعلیمات کے دو اہم پہلو کونسے ہیں؟
(vi) "مہاویر" کے کیا معنی ہیں؟

سوال نمبر 3 (i) جب انسان خدا سے گناہ کی معافی طلب کرتا ہے تو کیا ہوتا ہے؟
(ii) رحم دلی کیا ہے؟
(iii) احتساب اور مواخذہ کے اثرات انسانی رویوں پر کس طرح اثر انداز ہوتے ہیں؟
(iv) اخلاقی خوبیاں کیسے پیدا کی جا سکتی ہیں؟
(v) روزِ محشر سب سے بڑا سوال کیا ہو گا؟
(vi) وقت کے استعمال کا اختیار کس کو حاصل ہے؟

سوال نمبر 4 (i) کسی ناگزیر صورت میں اگر مربوط پرواز نہ مل سکے تو ہمارا رویہ کیسا ہونا چاہیے؟
(ii) بازار میں گاہکوں اور دکانداروں کے لیے کوئی سے دو آداب لکھیے۔
(iii) آداب ایک فرد کو کیا دیتے ہیں؟
(iv) سری اربندو کس چیز کو بڑی قوت سمجھتے تھے؟
(v) کانٹ فلسفے کے علاوہ کس مضمون میں دلچسپی رکھتے تھے؟
(vi) ارسطو کی تصانیف کن مضامین پر مشتمل تھیں؟

16 = 8x2 **حصہ دوم**

سوال نمبر 5 گناہ اور جرم کو روکنے میں مذہب کا کردار تفصیل سے بیان کریں۔ (8)
سوال نمبر 6 عبادات انسان میں کس طرح کے اوصاف پیدا کرتی ہیں؟ (8)
سوال نمبر 7 کانٹ کے نظام اخلاق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ (8)

B

----------☆☆☆☆☆----------

www.taleem360.com